Halton District School Board

# ضابطہ ٔ اخلاق



ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ پوری طرح پُرعزم ہے کہ ایک ایسا ضابطہ ٔ اخلاق اپنانے کے ذریعہ جو عزّت، تہذیب، ذمہ داری اور علمی فضیلت کو پروان چڑھاتا نیز سکول کی کمیونٹی کے تمام ارکان کے لئے روّیہ کے واضح معیار معین کرتا ہے، ایک محفوظ، احساس کرنے والا مساوی اور شمولیت والا ماحول تعمیر کرے۔ مقصد یہ ہے کہ ایک مثبت سکول ماحول بنایا جائے جہاں ہر طالب علم، عملہ اور سکول کمیونٹی کا ہر رکن محفوظ، شامل اور قبول شدہ محسوس کرے۔ بورڈ تمام طلبا کی صحت مند تعلقات، بہتر انتخابات کا چناؤ، اپنی پڑھائی جاری رکھنے اور کامیابی کے حصول میں مدد کرتا ہے۔

اونٹاریو ہیومن رائٹس کوڈ، اونٹاریو آکیوپیشنل ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایکٹ پی پی ایم#128 اور
ایچ ڈی ایس بی کی سیف اینڈ ایکسیپنگ سکول پالیسی پر مبنی

جون 2021

# روّیہ کے معیارات

## عزّت، تہذیب اور ذمہ دارانہ شہریت

### سکول کیمونٹی کے تمام اراکین کو چاہیئے کہ وہ:

- لاگو ہوتے تمام وفاقی، صوبائی اور میونسپل قوانین کی عزّت اور ان پر عمل کریں
- ایمانداری اور دیانت کا مظاہرہ کریں
- لوگوں اور ان کے خیالات اور آراء کا احترام کریں
- ایک دوسرے سے ہمیشہ، خاص طور پر اختلافِ رائے ہونے کی صورت میں عزّت و وقار سے پیش آئیں
- دوسروں کا احترام کریں اور قطع نظر نسل، نسب، پیدائشی مقام، رنگ، نسلی اصل، شہریت، مذہب، جنس، جنسی رجحان، عمر یا معذوری کے، ان کے ساتھ منصفانہ سلوک کریں
- دوسروں کے حقوق کا احترام کریں
- سکول اور دیگر لوگوں کی املاک کی عزّت کریں اور ان کا خاطر خواہ خیال رکھیں
- ضرورت کے وقت دوسروں کی مدد کرنے کے لئے مناسب اقدامات اٹھائیں
- کسی تنازعہ کا پُر امن حل نکالنے کے لئے، اگر ضروری ہو تو، سکول کے عملہ کی مدد حاصل کریں
- سکول کی کمیونٹی کے تمام ارکان، خاص طور پر صاحب اختیار عہدوں پر موجود افراد کا احترام کریں
- سیکھنے اور سکھانے کے لیے ساز گار ماحول میں دوسروں کے کام کرنے کی ضرورت کا احترام کریں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ذاتی موبائل وغیرہ قسم کے آلات صرف تدریسی وقت کے دوران پڑھائی اور دیگر اجازت شدہ مقاصد کے لئے استعمال کی جائیں
- کسی استاد یا کسی دوسرے صاحب اختیار شخص پر سوئیر (کو گالی) مت دیں

## حفاظت

### سکول کی کمیونٹی کے تمام اراکین کو چاہیئے کہ وہ درج ذیل سے گریز کریں:

- دوسروں سے دھونس (بُلی انگ) آمیز روّیہ رکھنا نیز سائبر بُلی اِنگ
- جنسی ہراسانی / حملہ میں ملوث ہونا
- ہتھیاروں یا غیر قانونی منشیات کی درآمد و برآمد کرنا
- کسی نابالغ بچّہ کو شراب یا کینابِس / بھنگ دینا
- ڈاکہ ڈالنا
- کسی قسم کا ہتھیار بشمول آتشیں ہتھیار رکھنا
- کسی دوسرے شخص کو دھمکانے یا اکسانے کے لئے کسی بھی شے کا استعمال کرنا
- کسی بھی فرد کو کسی چیز سے چوٹ پہنچانا
- شراب، کینابِس یا کسی بھی قسم کی غیر قانونی منشیات رکھنا، اس کے اثرات کے تحت ہونا یا دوسروں کو فراہم کرنا
- خود کسی کو جسمانی نقصان پہنچانا یا کسی اور کو ایسا کرنے پر اکسانا
- منافرت آمیز پروپیگنڈا، یا نفرت یا تعصّب کے روّیہ میں ملوث ہونا
- توڑ پھوڑ کا ایسا فعل کرنا جس سے سکول کی املاک یا اسکول کے احاطہ میں واقع املاک کو بھاری نقصان پہنچے

# ایک مشترکہ ذمہ داری

جب طلباء، عملہ اور والدین / سرپرست محفوظ، دیکھ بھال کرنے والے، مساوی اور جامع سکول کی تعمیر کے لیے مل کر کام کرتے ہیں تو اس کا اسکول کے ماحول پر گہرا اثر پڑتا ہے۔ ہر شراکت دار کی ایک اہم ذمہ داری ہے کہ سکول میں ایک مثبت ماحول قائم کیا جائے جس میں سکول کیمونٹی کے تمام اراکین اپنے آپ کو محفوظ، مشمول، قبول شدہ محسوس کریں، اور فعال طور پر مثبت رویوں اور بات چیت کو فروغ دیں۔

## طالبِ علم کی ذمہ داری:

- ایمانداری اور دیانت داری کا مظاہرہ کریں
- خود پر قابو اور ذاتی نظم وضبط کا مظاہرہ کریں
- سکول میں ایسی کوئی بھی چیز لانے سے گریز کریں جس سے دوسروں کی حفاظت میں خلل آسکتا ہو
- اسکول میں تمباکو، بھنگ، الکحل اور / یا وے پِنگ کی مصنوعات اور سامان لانے سے گریز کریں
- سکول میں تیار، وقت پر اور پڑھائی کے لئے آمادہ ہو کر آئیں
- سکول کی کمیونٹی میں شامل رہیں
- خود، دوسروں اور سکول کی املاک کے لئے تکریم کا مظاہرہ کریں
- دوسروں سے نرمی اور احترام سے پیش آئیں
- سکول کے لئے ہمیشہ ایسا لباس رکھیں جو بورڈ کے ڈریس کوڈ اور یونیفارم پالیسی کی حمایت کرتا ہو

- اصل یا ممکنہ بُلی انگ کے واقعات کے بارہ میں کسی بالغ یا سکول کے عملہ کے فرد کو مطلع کریں
- تعصّب، بدگمانی یا نفرت پر مبنی واقعات کی صورت میں، ایچ ڈی ایس بی کے ڈسکریمی نیٹوری اینڈ ہارم فل لینگویج پروٹوکول کے مطابق کسی بالغ یا سکول کے عملے کے رکن کو اطلاع دیں
- سکول / کلاس روم میں ذاتی الیکٹرانک آلات کے استعمال کے حوالہ سے انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی (ICT) کے ذمہ دارانہ استعمال کے طریقہ کار (ریسپانسبل یوز پروسیجرز) پر عمل کریں

## عملہ کی ذمہ داری:

- محفوظ اسکولوں کے واقعات (سیف سکول انسی ڈینٹس) سے سکول کے بورڈ کی مساوی اور جامع پالیسیوں سے مربوط طریقوں سے نمٹیں اور ان ہی کے مطابق ان کے بارہ میں رپورٹ کریں
- خلفشار سے پاک ایک محفوظ، دیکھ بھال کرنے والا، مساوی اور جامع سیکھنے کا ماحول فراہم کریں
- مثبت طرز عمل اور اچھی شہریت کا نمونہ دکھائیں اور سکھائیں
- دوسروں کی قبولیت اور ان کا احترام سکھائیں
- آزاد، ایماندارانہ گفتگو / کمیونی کیشن کو فروغ دیں
- طلباء کو ان کی مکمل صلاحیت کے مطابق کام کرنے میں مدد کریں اور ان کی ذاتی قدر کے احساس کو فروغ دیں
- تمام طلباء کے لیے روّیہ کے مستقل معیارات کو برقرار رکھیں
- سکول کے لئے ہمیشہ ایسا لباس پہننے کو فروغ دیں، جو بورڈ کے ڈریس کوڈ اور یونیفارم پالیسی کی حمایت کرتا ہو
- بُلی اِنگ / دھونس آمیز روّیہ کی روک تھام، ظلم کے خلاف اور امتیازی سلوک کے خلاف حکمتِ عملی، اور پورے نصاب میں فلاح و بہبود کے طریقوں کو کلاس روم کی تعلیم اور اسکول کی سرگرمیوں میں ضم کریں
- ان طلباء کے والدین / سرپرستوں کو مطلع کریں جنہیں نقصان پہنچایا گیا ہے، اور جن طالب علموں کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ اُن کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے
- اُن تمام طلباء کو مدد فراہم کریں جنہیں نقصان پہنچایا گیا ہو، ایسے طلباء جنہوں نے نقصان دہ روّیوں کا مشاہدہ کیا ہو نیز وہ طلباء جنہوں نے نقصان پہنچایا ہو
- طلباء کو شہریت کی مکمل ذمہ داری کے لیے تیار کریں

## والدین / سرپرستوں کی ذمہ داری:

- ایچ ڈی ایس بی کے ضابطہٗ اخلاق کو سمجھیں
- اپنے بچّے کی روّیوں سے متعلق قوانین ماننے کی حوصلہ افزائی اور مدد کریں
- اپنے بچّے کی، سکول باقاعدگی سے اور وقت پر آنے کی حوصلہ افزائی اور مدد کریں
- اپنے بچّے کی تعلیمی اور سماجی ترقی میں فعال دلچسپی لیں
- اپنے بچّے سے اس بارہ میں بات کریں کہ وہ اپنے اسکول کو محفوظ اور جامع جگہ رکھنے میں اپنا کردار کیسے ادا کر سکتا ہے
- اپنے بچّے کے لیے مثبت مثالی شخصیت / رول ماڈل بنیں
- اپنے اسکول کے عملہ کو اپنے بچّے سے متعلق انضباطی (ڈسپلینری) مسائل سے نمٹنے میں مدد کریں
- بدتہذیبی والے طرز عمل سے پرہیز کریں جس میں درج ذیل شامل ہے لیکن ان عوامل تک محدود نہیں ہے
  - ملاقاتوں کے لیے ضرورت سے زیادہ مطالبات یا غیر معقول مواصلات کی درخواستیں
  - عملہ کے لیے توہین آمیز / تحقیر آمیز تبصرے کرنا
  - عملہ پر چیخنا / گالی دینا
  - دھونس آمیز روّیہ رکھنا / گوسِپ کرنا

# پروگیسوڈسپلن

پروگریسوڈسپلن ایک جامع سکول طرزِ تفکر ہے جس میں مداخلتوں، مدد اور نتائج کا تسلسل استعمال کیا جاتا ہے جس میں مثبت روّیے کو تقویت دینے اور طلباء کو اچھے انتخاب کرنے میں مدد دینے کے مواقع شامل ہیں۔

## کسی طالبِ علم کے غیر مناسب برتاؤ کرنے پر، کسی بھی قسم کے نتائج لاگو کرنے سے قبل، درج ذیل کو مدنظر رکھا جاتا ہے:

- خاص طالب علم اور تخفیف کرنے والے عوامل
- روّیہ کی نوعیت اور شدّت
- سکول کے ماحول پر اثرات
- نقصان پہنچائے جانے والے طالبِ علم پر اثر
- سکول کمیونٹی کے اندر تعلقات

## سکول سے ممکنہ معطلی کا باعث بننے والی سرگرمیاں:

- کسی دوسرے شخص کو شدید جسمانی نقصان پہنچانے کی (زبانی، لکھنا یا بھیجنا) دھمکیاں
- الکحل، بھنگ / کیناٰبِس رکھنا (جب تک وصول کنندہ کوئی ایسا فرد نہ ہو جسے طبی مقاصد کے لیے بھنگ استعمال کرنے کا اختیار دیا گیا ہو) یا غیر قانونی ادویات
- شراب یا بھنگ / کیناٰبِس کے زیرِ اثر ہونا

- کسی استاد، یا کسی دوسرے صاحبِ اختیار شخص کو گالی دینا (سویئرنگ)
- توڑ پھوڑ کے ایسے فعل کا ارتکاب جس سے طالب علم کے اسکول یا طالبِ علم کے اسکول کے احاطہ میں واقع املاک کو بڑے پیمانہ پر نقصان پہنچے
- دھونس / بُلی اِنگ (جسمانی، سماجی، زبانی یا سائبر)
- غیر منظم طرزِ عمل، اختیار کی مسلسل مخالفت، اسکول کی اخلاقی حدود / ٹون یا دوسروں کی جسمانی یا ذہنی فلاح کے لیے نقصان دہ روّیہ رکھنا
- آتش بازی سمیت دھماکہ خیز آلات کا قبضہ یا استعمال
- آگ لگانا، جھوٹا الارم بجانا، بم کی دھمکی دینا، یا کوئی بھی ایسا طرزِ عمل جو افراد، املاک یا کمیونٹی کو خطرہ میں ڈال سکتا ہو
- بھتّہ خوری
- ہراساں کرنا
- نفرت پر مبنی جرم
- تمباکو نوشی یا اسکول کی جائیداد پر ویپنگ
- چوری
- سکول یا بورڈ کی املاک کی توڑ پھوڑ
- سکول کی املاک پر گاڑی (مثلاً کار، موٹر سائیکل، سائیکل وغیرہ) کا لاپرواہ یا خطرناک استعمال

## معطلی اور مُمکنہ اخراج کا باعث بننے والی سرگرمیاں:

- کوئی ہتھیار، مع آتشیں ہتھیار رکھنا
- کسی فرد کو جسمانی نقصان یا نقصان کی دھمکی کے لئے کسی ہتھیار کا استعمال
- کسی دوسرے شخص پر ایسا جسمانی حملہ کرنا جو جسمانی نقصان کا باعث بنے اور جس کے لیے طبی معالج سے علاج کی ضرورت ہو
- جنسی حملہ کرنا
- اسلحہ، غیر قانونی یا ممنوعہ ادویات کی اسمگلنگ
- ڈکیتی کا ارتکاب کرنا
- نابالغ کو شراب یا بھنگ / کینابس دینا
- دھونس آمیز روّیہ / بُلی اِنگ، اگر طالب علم کو پہلے بُلی اِنگ میں ملوّث ہونے کی وجہ سے معطل کر دیا گیا ہو اور اسکول میں طالبِ علم کی مسلسل موجودگی، کسی دوسرے شخص کی حفاظت کے لیے ناقابل قبول خطرہ پیدا کرتی ہے
- ایجوکیشن ایکٹ، سب سیکشن (1)306 میں درج کوئی بھی سرگرمی جو نسل، قومی یا نسلی بنیاد، زبان، رنگ، مذہب، جنس، عمر، ذہنی یا جسمانی معذوری، جنسی رجحان، شناخت، صنفی اظہار، یا کسی دوسرے ملتے جلتے عنصر پر مبنی تعصّب، بدگمانی یا نفرت پر مبنی ہو
- ایک ایسا فعل جسے پرنسپل نے اسکول کی اخلاقی حدود / ٹون اور / یا دوسروں کی جسمانی یا ذہنی فلاح کے لیے واضح طور پر نقصان دہ گردانا
- طرزِ عمل کا ایک نمونہ جو اتنا نامناسب ہو کہ طالبِ علم کی مسلسل موجودگی دوسروں کے موثر سیکھنے اور / یا کام کرنے والے ماحول کے لیے نقصان دہ ہو
- وہ سرگرمیاں جو طالبِ علم کی جانب سے اسکول کی املاک پر یا اس سے باہر ہوں، جن کی وجہ سے اسکول میں طالبِ علم کی مسلسل موجودگی اسکول یا بورڈ میں دوسرے افراد کی جسمانی یا ذہنی فلاح و بہبود کے لیے ناقابل قبول خطرہ پیدا ہو
- طالبِ علم کی طرف سے، اسکول کی املاک پر یا اس سے باہر ایسی سرگرمیاں، جن سے بورڈ کی املاک کو، یا وہاں موجود سامان کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچے

## تخفیف کرنے والے عوامل جن پر غور کیا جانا چاہیئے:

- کیا طالبِ علم اپنے روّیہ پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتا ہے؟
- کیا طالبِ علم اپنے روّیہ کے متوقع نتائج کو سمجھنے کی اہلیت رکھتا ہے؟
- کیا اسکول میں طالبِ علم کی مسلسل موجودگی کسی بھی شخص کی حفاظت کے لیے ناقابلِ قبول خطرہ پیدا کرتی ہے؟
- کیا طالبِ علم کے ساتھ ترقی پسند / پروگریسو نظم وضبط کا طریقہ استعمال کیا گیا ہے؟
- کیا طالبِ علم کے نامناسب روّیہ کی بنیاد نسل، رنگ، نسلی ابتداء، مقام، مذہب، مسلک، معذوری، صنف یا صنفی شناخت، جنسی رجحان یا کسی اور وجہ سے ہراساں ہونا تھا؟
- کیا نتیجہ، طالبِ علم کی جاری تعلیم کو متاثر کرتا ہے؟
- کیا طالبِ علم کی عمر ایک عنصر تھی؟
- انفرادی تعلیمی منصوبہ (IEP) یا معذوری سے متعلقہ ضروریات کے حامل طالبِ علم کے لیے:
  - کیا سلوک ترقیاتی اور جسمانی معذوری سے مخصوص ہے؟
  - کیا مناسب چھوٹ / اکاموڈیشن دی گئی ہے؟
  - کیا اس نتیجہ سے روّیہ یا طرزِ عمل میں خرابی یا بدتری کا امکان ہے؟